10383 ـ سیوطی کون ہے

سوال

سیوطی کون ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سیوطی : وہ حافظ عبدالرحمن بن الکمال ابی بکر بن محمد بن سابق الدین بن الفخر بن عثمان السیوطی رحمہ اللہ تعالی ہیں ۔

ان کا لقب جلال الدین ، اورکنیت ابوالفضل ہے وہ (849) ھجری میں یتیمی کی حالت میں پیدا ہوئے ، اورآٹھ سال کی عمر سے پہلے ہی قرآن مجید حفظ کرلیا ، اورصغرسنی میں ہی علم سے شغف اختیارکیا اوراس کے حصول کے لیے بہت سے سفر کیے ، ان کے رحلات علم میں ، بلاد شام ، حجاز ، ھند ، اورمغرب شامل ہیں ۔

سیوطی رحمہ اللہ تعالی کی کئ ایک فنون میں بہت سی مؤلفات ہیں ، انہوں نے تفسیر ، حدیث ، فقہ ، سیرت وتاریخ میں کتب تصنیف کیں ، اوراپنی زندگی جمع وتالیف میں بسر کی ، کثرت جمع کی بناء پر ان کی تالیفات میں صحیح اورضعیف اورموضوع ، اوراسی طرح حق وباطل سب کچھ پایا جاتا ہے ۔

کہا جاتا ہے کہ ان تالیفات میں تقریبا 600 کتب ہیں ۔

علامہ سیوطی رحمہ اللہ تعالی کی وفات 911 ھجری میں ہوئ اللہ تعالی ان پررحم فرمائے ۔

واللہ اعلم .